# عابد، مسلمان اور عادل کیسے بنیں؟

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

يَا ابْنَ آدم! عَفِّ عَنِ مَحارِمِ اللهِ تَكُنْ عابِداً، وَ ارْضِ بِما قَسَّمَ اللهُ سُبْحانَهُ لَكَ تَكُنْ غَنِيّاً، وَ أَحْسِنْ جَوارَ مَنْ جاوَرَكَ تَكُنْ مُسْلِماً، وَصاحِبِ النّاسَ بِمِثْلِ ما تُحِبُّ أَنْ يُصاحِبُوكَ بِهِ تَكُنْ عَدْلاً۔

اے بنی آدم! محرمات الٰہی سے باز رہو تو عابد بن جاؤ گے۔ اللہ کی تقسیم سے راضی رہو تو بے نیاز ہو جاؤ گے۔ اپنے پڑوسی سے اچھا سلوک کرو تو مسلمان بن جاؤ گے اور لوگوں کے ساتھ ایسے رہو جیسے کہ تم پسند کرتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ رہیں تو عادل بن جاؤ گے۔ (بحارالانوار؛ ج ۷۸، ص ۱۱۲، س ۸)

یا حسن بن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



# جنت کے پھول
# اور
# جوانان جنت کے سردار

امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام نے فرمایا:

نَحْنُ رَيْحانَتا رَسُولِ اللهِ، وَسَيِّدا شَبابِ أَهْلِ الْجَنّةِ، فَلَعَنَ اللهُ مَنْ يَتَقَدَّمُ، أَوْ يُقَدِّمُ عَلَيْنا أَحَداً

ہم دونوں (امام حسن علیہ السّلام و امام حسین علیہ السّلام)

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دو پھول ہیں اور جوانان جنت کے دو سردار ہیں،

خدا کی لعنت ہو اس پر جو ہم پر سبقت کرے یا کسی کو ہم پر فوقیت دے۔

(کلمۃ الامام الحسن علیہ السّلام؛ ۷، ص ۲۱۱)

یا حسن بن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام

۲



المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# محبت اہل بیت علیہم السلام

یا حسن بن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

إنّ حُبَّنا لَيُساقِطُ الذُّنوبَ مِنْ بَنِي آدَمَ، كَما يُساقِطُ الرِّيحُ الْوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ.

بے شک ہماری محبت

بنی آدم سے گناہوں کو اسی طرح گرا دیتی ہے

جس طرح ہوا کا جھونکا درخت سے (سوکھے) پتوں کو گرا دیتا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۴۴، ص ۲۳، ح ۷)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

يا حسن بن علي الحسن المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۴

# تلاوت قرآن اور قبولیت دعا

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

مَن قَرَءَ الْقُرْآنَ كَانَتْ لَهُ دَعْوَةٌ مُجابَةٌ، إمّا مُعَجَّلَةٌ وَإمّا مُؤَجَّلَةٌ.

جو قرآن کی تلاوت کرتا ہے، اس کی دعا مستجاب ہے چاہے جلدی چاہے تاخیر سے۔

(دعوات الراوندی؛ ص ۲۴، ح ۱۳)

المھدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

# قرآن ہدایت کا نور اور دلوں کی شفا ہے

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

إنّ ھذا القُرآنَ فیهِ مَصابیحُ النُّورِ وَشِفاءُ الصُّدُورِ

اس قرآن میں

ہدایت کی روشنی کے چراغ اور دلوں کی شفا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۵، ص ۱۱۱، ضمن ح ۶)

یا حسن بن علی المجتبیٰ علیہ السلام

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۵

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن ابن علی المجتبیٰ ع

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۶

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:



## طلوع آفتاب تک مصلیٰ عبادت پر بیٹھنا

مَنۡ صَلّٰی، فَجَلَسَ فی مُصَلّاہ إلی طُلُوعِ الشَّمۡسِ کانَ لَہُ سَتۡراً مِنَ النّارِ۔

جو نماز پڑھنے کے بعد طلوع آفتاب تک اپنے مصلے پر بیٹھا رہے، اس کو جہنم کی آگ سے بچنے کی سپر حاصل ہو جاتی ہے۔

(تہذیب الاحکام؛ ج۲، ص۳۲۱، ح۲، ۱۶۶)



یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۷

# ماہ رمضان مخلوقات کیلئے مسابقہ کا میدان

رمضان

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ شَهْرَ رَمَضانَ مِضْماراً لِخَلْقِهِ، فَيَسْتَبِقُونَ فيهِ بِطاعَتِهِ إِلى مَرْضاتِهِ، فَسَبَقَ قَوْمٌ فَفازُوا، وَقَصَّرَ آخَرُونَ فَخابُوا

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ماہ رمضان کو اپنی مخلوقات کے لئے مسابقہ کا میدان قرار دیا ہے کہ جس میں مخلوقات خدا کی اطاعت کے ذریعہ اس کی مرضی حاصل کرنے پر سبقت لیتے ہیں جہاں ایک گروہ سبقت لے کر کامیاب ہوجاتا ہے اور دوسرا کوتاہی کر کے گھاٹے میں رہ جاتا ہے۔

(من لا یحضرہ الفقیہ؛ ج۱، ص۵۱۱، ح۱۴۷۹)

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



# مسجد میں آنے سے کیا ملتا ہے؟

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

مَنْ أدامَ الاُخْتِلافَ إلَى الْمَسْجِدِ أصابَ إحْدى ثَمان: آيَةً مُحْكَمَةً، أَخاً مُسْتَفاداً، وَعِلْماً مُسْتَطْرَفاً، وَرَحْمَةً مُنْتَظِرَةً، وَكَلِمَةً تَدُلُّهُ عَلَى الْهُدى، اَوْ تَرُدُّهُ عَنِ الرَّدى، وَتَرْكَ الذُّنُوبِ حَياءً اَوْ خَشْيَةً۔

جو مسلسل مسجدوں میں آمد و رفت رکھے گا اسے آٹھ میں سے کوئی ایک چیز ضرور حاصل ہو جائے گی: حق کی واضح نشانی، مفید بھائی، جامع معلومات، رحمت عام، ایسی بات جو نیکی کی ہدایت کر دے یا برائی سے باز رکھے، شرم و حیا یا خوف خدا سے گناہوں کو ترک کرنا۔

(تحف العقول؛ ص ۲۳۵، س ۷)

یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۸

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



# علماء کی ہمنشینی

یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

٩

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

مَنْ أَكْثَرَ مُجالِسَةَ الْعُلَماءِ أَطْلَقَ عِقالَ لِسانِهِ، وَ فَتَقَ مَراتِقَ ذِهْنِهِ، وَ سَرَّ ما وَجَدَ مِنَ الزِّيادَةِ فِى نَفْسِهِ، وَكانَتْ لَهُ وَلايَةٌ لِما يَعْلَمُ، وَإفادَةٌ لِما تَعَلَّمَ.

جو علماء کی ہمنشینی میں زیادہ رہے گا اس کی زبان کا بندھن کھل جائے گا اور اس کے ذہن کی گرہیں کھل جائیں گی۔ اور اپنے نفس میں رشد و ارتقاء کا سرور پائے گا، اپنی معلومات سے لوگوں کو فائدہ پہنچائے ہو گا اور اپنی معلومات سے لوگوں کو مستفادر کے گا۔ (مستدرک الوسائل؛ ج ۳، ص ۳۵۹، ح ۳۷۷۸)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۰

# معرفتِ الٰہی

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

مَنْ عَرَفَ اللهَ أَحَبَّهُ، وَمَنْ عَرَفَ الدُّنيا زَهِدَ فيها۔

جو اللہ کی معرفت رکھے گا وہ اس سے محبت کرے گا، اور جو دنیا کی معرفت رکھے گا وہ اس میں پارسائی اختیار کرے گا۔

(کلمۃ الامام الحسنؑ؛ ۷، ص ۱۴۰)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۱

# تین بری صفات، انسان کی ہلاکت کا باعث

هَلاكُ الْمَرْءِ فِی ثَلاثٍ: اَلْکِبْرُ، وَالْحِرْصُ، وَالْحَسَدُ؛ فَالْکِبْرُ هَلاكُ الدّینِ، وَبِهِ لُعِنَ إِبْلیسُ. وَالْحِرْصُ عَدُوُّ النَّفْسِ، وَبِهِ خَرَجَ آدَمُ مِنَ الْجَنَّةِ. وَالْحَسَدُ رائِدُ السُّوءِ، وَمِنْهُ قَتَلَ قابیلُ هابیلَ.

## انسان کی ہلاکت تین چیزوں میں ہے:

تکبر

لالچ

اور حسد

تکبر سے دین تباہ ہوجاتا ہے اور اسی کے ذریعہ ابلیس ملعون ہوگیا۔ لالچ، نفس کا دشمن ہے اور اس کے ذریعہ آدم کو جنت سے نکلنا پڑا، حسد برائی کی راہنمائی کرتا ہے اور اسی کے ذریعہ ہابیل کو قابیل نے قتل کر دیا۔

(عیان الشیعہ ؛ ج۱، ص۵۷۷)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۲

# حق و باطل کے درمیان فاصلہ

بَيْنَ الْحَقِّ وَالْباطِلِ أَرْبَعُ أَصابِعٍ، ما رَأَيْتَ بِعَيْنِكَ فَهُوَ الْحَقُّ وَقَدْ تَسْمَعُ بِأُذُنَيْكَ باطِلاً كَثيراً.

حق و باطل کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ ہے۔ جسے تم نے اپنی آنکھ سے دیکھا ہے وہ حق ہے، اور اکثر و بیشتر تمہاری سنی ہوئی چیز باطل ہوا کرتی ہیں۔ (تحف العقول؛ ص ۲۲۹)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا حسن بن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۳



# مومن کی پیشانی کا بوسہ لو!

إذا لَقِیَ أحَدُکُمْ أخاهُ فَلْیُقَبِّلْ مَوْضِعَ النُّورِ مِنْ جَبْهَتِهِ.

جب تم میں سے کوئی اپنے دینی بھائی سے ملاقات کرو تو پیشانی پر نوری جگہ (سجدہ گاہ) کا بوسہ لو۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۵، ص ۱۰۵، ح ۴)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان





# مقدراتِ الٰہی

یا حسن بن علی المجتبیٰؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۴

إنَّ اللهَ لَمْ يَخْلُقْكُمْ عَبَثاً، وَلَيْسَ بِتارِكِكُمْ سُدًى، كَتَبَ آجالَكُمْ، وَقَسَّمَ بَيْنَكُمْ مَعائِشَكُمْ، لِيَعْرِفَ كُلُّ ذي لُبٍّ مَنْزِلَتَهُ، وأنَّ ما قُدِّرَ لَهُ أصابَهُ، وَما صُرِفَ عَنْهُ فَلَنْ يُصيبَهُ.

اللہ نے تمہیں عبث پیدا نہیں کیا ہے اور تمہیں بے غرض بھی نہیں چھوڑے گا۔ (اس نے) تمہاری موت کا وقت مقرر کر دیا ہے۔ اور تمہارے معاش کو تمہارے درمیان تقسیم کر دیا ہے تا کہ ہر صاحب عقل اپنی منزلت کو پالے اور جو کچھ اللہ نے اس کے لئے مقدر کیا ہے وہ اسے مل کر رہے گا۔ اور جسے اللہ نے اس سے دور کر دیا ہے اسے وہ ہرگز نہیں پا سکتا۔ (بحار الانوار؛ ج ۷۵، ص ۱۱۰)

المهدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن بن علی المجتبیٰ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

**۱۵**



# دوستی

لَا تُواخِ أَحَداً حَتّى تَعْرِفَ مَوارِدَهُ وَ مَصادِرَهُ، فَإِذَا اسْتَنْبَطْتَ الْخِبْرَةَ، وَ رَضيتَ الْعِشْرَةَ، فَآخِهِ عَلى إِقالَةِ الْعَثْرَةِ، وَ الْمُواساةِ فِي الْعُسْرَةِ.

کسی کو اپنا اس وقت تک دوست نہ بناؤ جب تک کہ اس کے اٹھنے بیٹھنے کی جگہ نہ سمجھ لو۔ اور جب تمہیں معلومات فراہم ہو گئیں اور اس کی ہمنشینی سے تم راضی ہو گئے تو پھر اسے اپنا دوست اور بھائی بنا لو اور اس کی کوتاہیوں سے درگذر کرو اور مشکل وقت میں اس کے کام آؤ۔ (تحف العقول؛ ص ۱۶۴)

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



# بخل

یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۶

البُخلُ أنْ يَرىٰ الرَّجُلُ ما أنْفَقَهُ تَلَفاً، وَما أمْسَكَهُ شَرَفاً.

بخل یہ ہے کہ انسان جو انفاق کرے
اسے تلف سمجھے اور جسے بچا لے اسے شرف سمجھے۔

(اعیان الشیعہ؛ ج۱، ص۵۷۷)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat






یا حسن ابن علی المجتبیٰ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۷

تَرْكُ الزِّنا، وَكَنْسُ الْفِناء، وَغَسْلُ الْاٰناء مَجْلَبَةٌ لِلْغِناء۔

زنا نہ کرنا، چوکھٹ کو صاف رکھنا، برتن کو دھلا ہوا رکھنا بے نیازی وثروت کا باعث ہے۔

(بحار الانوار؛ ج ۷۳، ص ۳۱۸، ح ۶)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن ابن علی المجتبیٰ ع

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۸

# سیاست




السِّیاسَةُ أنْ تَرْعیٰ حُقُوقَ اللهِ، وَحُقُوقَ الأحیاءِ، وَحُقُوقَ الأمْواتِ.

سیاست یہ ہے کہ حقوق اللہ، زندوں اور مردوں (تمام انسانوں) کے حقوق کی رعایت کرو۔

(کلمۃ الامام الحسن علیہ السلام؛ ص ۲۱۲)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



# مشاورت

یا حسن بن علیؑ المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۱۹

## ما تَشاوَرَ قَوۡمٌ إلاّ هُدُوا إلی رُشۡدِهِم۔

## کوئی قوم صلاح و مشورہ نہیں کرتی مگر یہ کہ راہ ہدایت کو پا لیتی ہے۔

(اعیان الشیعہ؛ ج۱، ص۵۷۷)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا حسن بن علیؑ المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۰

# آخرت کی تیاری

يَابْنَ آدم! لَمْ تَزَلْ فى هَدْمِ عُمْرِكَ مُنْذُ سَقَطْتَ مِنْ بَطْنِ اُمِّكَ، فَخُذْ مِمّا فى يَدَيْكَ لِما بَيْنَ يَدَيْكَ، فَإِنَّ الْمُؤْمِن يَتَزَوَّدُ وَالْكافِرُ يَتَمَتَّعُ.

اے بنی آدم! تم جب سے اپنی ماں کے شکم سے باہر آئے ہو مسلسل اپنی زندگی کی عمارت ڈھا رہے ہو لہٰذا جو سامنے آنے والا ہے (قیامت) اس کے لئے موجودہ زندگی سے توشہ فراہم کرلو کہ مومن زادِ راہ فراہم کرتا ہے اور کافر لذتوں میں مست رہتا ہے۔ (نزھۃ الناظر وتنبیہ الخاطر؛ ص۷۹، ح ۱۳)

المھدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۱

# ڈرانے والا اور اطمینان دلانے والا

إنَّ مَنْ خَوَّفَكَ حَتّٰى تَبْلُغَ الأمْنَ، خَيْرٌ مِمَّنْ يُؤْمِنُكَ حَتّٰى تَلْتَقِي الْخَوْفَ.

جو شخص تمہیں ڈراتا رہے یہاں تک کہ تم اپنی آرزو و پا لو اس شخص سے بہتر ہے جو تمہیں اطمینان دلاتا رہے یہاں تک کہ تمہیں خوف لاحق ہو جائے۔

(احقاق الحق؛ ج۱۱، ص۲۴۲، س۲)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

يا حسن بن علي المجتبیٰ

چهل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۲

# قربت و دوری کا معیار




الْقَرِيبُ مَنْ قَرَّبَتْهُ الْمَوَدَّةُ وَإِنْ بَعُدَ نَسَبُهُ، وَالْبَعِيدُ مَنْ بَاعَدَتْهُ الْمَوَدَّةُ وَإِنْ قَرُبَ نَسَبُهُ.

تم سے نزدیک وہ ہے جو مودّت و محبت کے ذریعہ تم سے قریب ہوا ہے چاہے حسب و نسب کے اعتبار سے دور ہی کیوں نہ ہو اور دور وہ ہے جو محبت کے اعتبار سے دور ہے چاہے تمہارا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔

(تحف العقول؛ ص ۲۳۴، س ۳)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن بن علی المجتبیٰ ع

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۳



# مردانگی

الْمُرُوَّةِ: شُحُّ الرَّجُلِ عَلَى دِينِهِ، وَإِصْلَاحُهُ مَالَهُ، وَقِيَامُهُ بِالْحُقُوقِ.

مردانگی یہ ہے

انسان اپنے دین کی حفاظت کرے اپنے مال کی اصلاح کرے

اور اپنے اوپر عائد حقوق کو ادا کرے۔

(تحف العقول؛ ص ۲۳۵، س ۱۴)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۴

# عقل و فکر



عَجِبْتُ لِمَنْ يُفَكِّرُ فی مَأْكُولِهِ كَيْفَ لا يُفَكِّرُ فی مَعْقُولِهِ، فَيَجْنِبُ بَطْنَهُ ما يُؤْذيهِ، وَيُوَدِّعُ صَدْرَهُ ما يُرْديهِ.

مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو اپنی غذا کے سلسلہ میں غور وفکر سے کام لیتا ہے لیکن اپنی عقل کے سلسلہ میں فکر مند نہیں ہے، اپنے شکم کو اذیت دینے والی چیزوں سے بچاتا ہے اور اپنے دل و دماغ کو فاسد کر دینے والی چیزوں کو جمع کئے جا رہا ہے۔

(بحار الانوار؛ ج ۱، ص ۲۱۸، ح ۴۳)

المهدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا حسن ابن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۵



# کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونے کے اثرات

غَسْلُ الْيَدَيْنِ قَبْلَ الطَّعامِ يُنْفِي الْفَقْرَ، وَبَعْدَهُ يُنْفِي الْهَمَّ.

کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا فقر و تنگدستی کو ختم کرتا ہے اور کھانے کے بعد ھم و غم کو دور کرتا ہے۔

(کلمۃ الامام الحسنؑ؛ ص ۴۶)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۶

# سوال

حُسْنُ السُّؤالِ نِصفُ الْعِلْمِ.

اچھا سوال آدھا علم ہے۔

(کلمۃ الامام الحسن (علیہ السلام؛ ص ۱۲۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



# حلم، وفاداری، جلد بازی

یا حسن بن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۷

إنّ الحِلْمَ زينةٌ، وَالوَفاءُ مُرُوَّةٌ، وَالعَجَلةَ سَفَهٌ.

حلم و بردباری زینت ہے،

وفاداری مردانگی ہے،

اور جلد بازی بے وقوفی ہے۔

(کلمۃ الامام الحسن (علیہ السلام؛ ص ۱۹۸)



یا حسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۲۸

# قیامت کے دن جزا کا معیار

إِنَّمَا یُجْزَی الْعِبادُ یَوْمَ الْقِیامَةِ عَلی قَدْرِ عُقُولِهِمْ.

بندوں کو بروزِ قیامت
ان کی عقلوں کے حساب سے
جزا دی جائے گی۔

(کلمۃ الامام الحسن (علیہ السلام؛ص۲۰۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

# قرآن روشن چراغ





یاحسن ابن علی المجتبیٰ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام

۲۹

إنَّ الْقُرْآنَ فيهِ مَصابيحُ النُّورِ، وَ شِفاءُ الصُّدُورِ، فَيَجِلُ جالَ بَصَرُهُ، وَ لُيَلْجَمُ الصِّفَةَ قَلْبِهِ، فَإنَّ التَّفُكيرَ حَياةُ الْقَلْبِ الْبَصيرِ، كَما يَمْشى الْمُسْتَنيرُ فِي الظُّلُماتِ بِالنُّورِ. (بحارالانوار؛ ج ۷۸، ص ۱۱۲، س ۱۵)

بے شک قرآن میں ہدایت کے روشن چراغ اور دلوں کی شفا ہے لہٰذا اپنی آنکھوں کو اس کے ذریعہ جلا بخشو اور اپنے دل کو اس کے ذریعہ صیقل دو۔ اس لئے کہ غور و فکر کرنا بصیر آدمی کے دل کی زندگی ہے جس طرح تاریکی میں راستہ چلنے والا اپنے ساتھ روشنی لے کر چلتا ہے۔

المھدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن ابن علی المجتبیٰ ؑ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۰



# مزاح

اَلْمِزاحُ یَأْكُلُ الْهَیْبَةَ، وَقَدْ أَكْثَرَ مِنَ الْهَیْبَةِ الصّامِتُ.

مزاح، ہیبت کو کھا جاتی ہے اور خاموش انسان، زیادہ ہیبت کا مالک ہوتا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۵، ص ۱۱۳، ح ۷)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن بن علی المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۱

# پستی کی نشانی

أَللُّؤْمُ أَنْ لَا تَشْكُرَ النِّعْمَةَ.

تمہارا شکر نعمت نہ کرنا، تمہاری پستی کی نشانی ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۷۵، ص ۱۰۵، ح ۴)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

یا حسن بن علی المجتبیٰ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۲





# دینی بھائی کی حاجت روائی

لَقَضاءُ حاجَةِ أخٍ لي فِي اللهِ أحَبُّ مِنْ إعْتِكافِ شَهْرٍ.

دینی بھائی کی ضرورت کو پورا کرنا میرے نزدیک ایک ماہ کے اعتکاف سے بہتر ہے۔

(کلمۃ الامام الحسن (علیہ السلام؛ ص ۱۳۹)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

يا حسن بن علي المجتبیٰ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۳

# دنیا کی حقیقت

إنَّ الدُّنیا فی حَلالِها حِسابٌ، وَ فی حَرامِها عِقابٌ، وَفِی الشُّبَهاتِ عِتابٌ، فَأنْزِلِ الدُّنیا بِمَنْزَلَةِ المیتَةِ، خُذْمِنْها مایَکْفیكَ۔

دنیا کی حلال چیزوں میں حساب اور حرام میں عذاب ہے، اور شبہ ناک چیزوں میں سرزنش ہے لٰہذا دنیا کو مردار سمجھو اور اس سے بقدر ضرورت استفادہ کرو۔

(بحارالانوار؛ ج ۴۴، ص ۱۳۸، ح ۶)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

یا حسن ابن علی المجتبیٰ

۳۴

# عمل دنیا کیلئے یا آخرت کیلئے



اعْمَلْ لِدُنْیاكَ كَأَنَّكَ تَعیشُ أَبَداً، وَ اعْمَلْ لآخِرَتِكَ كَأَنّكَ تَمُوتُ غَداً.

اپنی دنیا کے لئے اس طرح عمل کرو کہ گویا تمہیں ہمیشہ رہنا ہے، اور اپنی آخرت کے لئے ایسے عمل کرو کہ گویا تمہیں کل ہی مر جانا ہے۔

(بحارالانوار؛ ج ۴۴، ص ۱۳۸، ح ۶)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن ابن علی المجتبیٰ ع

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۵



# عبادت خدا کا اثر

مَنْ عَبَدَ اللّٰهَ، عَبَّدَ اللّٰهُ لَهُ كُلَّ شَيْءٍ.

جو اللہ کی عبادت و اطاعت کرے گا، اللہ تعالیٰ ہر شئے کو اس کا مطیع بنا دے گا۔

(تنبیہ الخواطر، معروف بہ مجموعہ ورام؛ ص ۴۲۷)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی چہل احادیث ۳۶

# تین صفات انسان کی ہلاکت کا باعث

هَلاكُ الْمَرْءِ فی ثَلاثٍ: اَلْكِبْرُ، وَالْحِرْصُ، وَالْحَسَدُ: فَالْكِبْرُ هَلاكُ الدّينِ، وَبِهِ لُعِنَ إبْليسُ. وَالْحِرْصُ عَدُوُّ النَّفْسِ، وَبِهِ خَرَجَ آدَمُ مِنَ الْجَنَّةِ. وَالْحَسَدُ رائِدُ السُّوءِ، وَمِنْهُ قَتَلَ قابيلُ هابيلَ۔

(اعیان الشیعہ، ج۱، ص۵۷۷)

ہر شخص کے دین وایمان کی ہلاکت کا باعث تین چیزوں میں ہے:

## تکبر، حرص، حسد

**تکبر** انسان کے دین وایمان کی بربادی کا باعث ہے، تکبر کی وجہ سے شیطان تمام تر عبادات کے باوجود ملعون ہوگیا۔ **حرص وطمع** انسان کی شخصیت کا دشمن ہے، جس طرح آدمؑ اسی حرص کی وجہ سے جنت سے خارج کر دیئے گئے۔ **حسد** تمام خرابیوں اور پستیوں کا باعث ہے جس کی وجہ سے ہابیل نے اپنے بھائی قابیل کو قتل کیا۔

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat

یا حسن بن علی المجتبیٰ

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۷




”أَلتَّقوی بابُ کُلِّ تَوبَة وَرَأْسُ کُلِّ حِکْمَة وَشَرَفُ کُلِّ عَمَل بِالتَّقوی فازَ مَنْ فازَ مِنَ الْمُتَّقین“

## تقویٰ

توبہ کا دروازہ، حکمت و دانائی کا آغاز اور ہر عمل کی شرافت ہے۔

(۱: تحف العقول، ص ۲۳۲)، (۲: بحار الانوار، ج ۷۸، ص ۱۱۰)



یا حسن ابن علی المجتبیٰؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۸



# نیکی و احسان

”لمَعروفُ ما لَم یَتَقَدَّمهُ مَطلٌ، وَلَم یَتبَعهُ مَنٌّ“

## نیکی و احسان وہ ہے کہ جس میں تاخیر اور منت و احسان نہ ہو۔

(عیون الحکم والمواعظ: ص۲۳۸ ح۴۵۴۰)


المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



يا حسن بن علي المجتبیٰ ؑ

چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۳۹



# مصیبتوں کا فلسفہ

(اعلام الدین: ص ۲۹۷)

المَصائبُ مَفاتیحُ الأجر

## مصیبتیں اور مشکلات اجر و پاداش کی چابیاں ہیں۔

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IdaraTarbiatIsoPak | @Idaratarbiat



یا حسن بن علی المجتبیٰ ع

# چہل احادیث امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام

۴۰



# ہوشیار اور کریم کون ہے؟

أَكْيَسُ الْكَيِّسِ التُّقى، وَ أَحْمَقُ الْحُمقِ الْفُجورَ، الْكَريمُ هُوَ الْمُتَبَرِّعُ قَبْلَ السُّؤالِ

سب سے زیادہ ہوشیار متقی آدمی ہے اور سب سے بڑا بے وقوف فسق و فجور کرنے والا ہے۔ کریم شخص وہ ہے جو ضرورت مند کے سوال سے پہلے اُس کی ضرورت پوری کر دے۔

(احقاق الحق؛ ج ۱۱، ص ۲۰)